طواف اور سعی کرتے وقت جوتے ساتھ رکھنا

مجیب: مولانا محمد ابوبکر عطاری مدنی

فتوی نمبر: WAT-3117

تاریخ اجراء: 25 ربیع الاول 1446ھ / 30 ستمبر 2024ء

دار الافتاء اہلسنت

(دعوت اسلامی)

سوال

کیا طواف اور سعی کرتے ہوئے جوتے بیگ میں ڈال کر کمر پر پہن سکتے ہیں؟

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اَلْجَوَابُ بِعَوْنِ الْمَلِكِ الْوَهَّابِ اَللّٰهُمَّ هِدَايَةَ الْحَقِّ وَالصَّوَابِ

جی ہاں! طواف و سعی کے دوران جوتے محفوظ کرنے کی غرض سے انھیں بیگ میں ڈال کر بیگ پہن سکتے ہیں کہ یہ پہننا نہیں ہے اور نہ ہی حالتِ احرام میں کندھے یا کمر کو چھپانا منع ہے۔

اس کی نظیر

اس کی نظیر وہ تھیلی یا بٹوا ہے جسے کمر کے درمیان ازار پر باندھا جاتا ہے اور اس میں پیسے یا کھانا وغیرہ ڈالا جاتا ہے، فقہائے کرام نے حالتِ احرام میں وہ تھیلی یا بٹوا پہننا محرم کے لئے جائز قرار دیا بلکہ صحابہ کرام علیہم الرضوان سے اس کا جواز ثابت ہے اور اس کی علت یہی بیان کی گئی کہ یہ پہننا نہیں ہے اور چونکہ محرم کو اپنے نفقہ کی حفاظت کی حاجت رہتی ہے تو اس کے پہننے میں حرج نہیں۔

المعجم الکبیر للطبرانی میں ہے "عن ابن عباس، أنه كان لا يرى بالهميان للمحرم بأسا. وروى ذلك ابن عباس عن النبي صلى الله عليه وسلم" ترجمہ: حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالی عنہما، محرم کے لئے تھیلی باندھنے پر کوئی حرج شمار نہیں کرتے تھے اور ابن عباس رضی اللہ تعالی عنہما نے اسے نبی کریم صلی اللہ تعالی علیہ و آلہ وسلم سے روایت کیا۔ (المعجم الکبیر، رقم الحدیث 10806، ج 10، ص 327، مطبوعہ قاھرۃ)

السنن الکبری للبیہقی میں ہے "عن عائشة رضي الله عنها أنها سئلت عن الهميان للمحرم فقالت: وما بأس؟ ليستوثق من نفقته" ترجمہ: حضرت عائشہ رضی اللہ تعالی عنہا سے پوچھا گیا کہ محرم تھیلی باندھ سکتا ہے؟ تو

آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے ارشاد فرمایا: اس میں کیا حرج ہے؟ چاہئے کہ وہ (اس کے ذریعے) اپنے نفقے کی حفاظت کرے۔ (السنن الکبری، رقم الحدیث 9186، ج 5، ص 111، دار الکتب العلمیۃ، بیروت)

الاختیار لتعلیل المختار میں ہے"(ویجوز له أن۔۔۔یشد في وسطه الهمیان) لأنه لیس بلبس وهو یحتاج إلیه لحفظ النفقة" ترجمہ: محرم کے لئے اپنی کمر کے درمیان میں تھیلی باندھنا جائز ہے کیونکہ یہ پہننے میں نہیں آتا اور محرم اپنے نفقہ کی حفاظت کا محتاج ہوتا ہے۔ (الاختیار لتعلیل المختار، کتاب الحج، ج 1، ص 145، مطبعۃ الحلبي، القاھرۃ)

امام اہلسنت الشاہ امام احمد رضا خان رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ فرماتے ہیں: "یہ باتیں احرام میں جائز ہیں۔۔۔ **همیانی** یا پٹی باندھنا۔" (فتاوی رضویہ، ج 10، ص 734، رضا فاؤنڈیشن، لاہور)

وَاللہُ اَعْلَمُ عَزَّوَجَلَّ وَرَسُوْلُہ اَعْلَم صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم

Dar-ul-IftaAhlesunnat (Dawat-e-Islami)
دار الافتاء اہلسنت
DARUL IFTA AHLESUNNAT
www.daruliftaahlesunnat.net
daruliftaahlesunnat
DaruliftaAhlesunnat
Dar-ul-ifta AhleSunnat
feedback@daruliftaahlesunnat.net